DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 23.01.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بلوچستان کو دیگر صوبوں کے برابر لانے کیلئے پیکج کا اعلان جلد کیا جائے گا، صدر زرداری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | زرعی شعبے کی تربیت کیلئے چین جانے میں بلوچستان کا 10 فیصد کوٹہ ہے، وزیراعظم شہباز شریف | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | بلوچستان کے ہونہار طلبا کیلئے اسکالرشپ کا ایک اور انقلابی پروگرام، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی | انتخاب حب ودیگر اخبارات |
| 04 | نوجوانوں کی بہترین مواقع فراہم اور انکا ٹیلنٹ سامنے لائینگے، مینا مجید | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | مسائل کے حل کیلئے حقیقی اقدامات کر رہے ہیں، صادق عمرانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | وندر کو ضلع لسبیلہ میں شامل کرنے کی جلد خوشخبری سنائیں گے، زرین خان مگسی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | ہسپتالوں میں مشینری اور ادویات کی فراہمی کیلئے منصوبہ بندی کر لی، بخت محمد کاکڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | پولیس مقدس پیشہ، جوانان وردی کا تقدس پامال نہ ہونے دیں، آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی جانب سے قیدیوں کو 50 گیس ہیٹر فراہمی کے احکامات جاری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | ماری منرلز کا سینڈک میں مائننگ کا اہم معاہدہ طے پا گیا | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 11 | ایس بی کے پوسٹوں کے تمام تر مراحل کو جلد مکمل کریں، ڈی سی کوئٹہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | نان کسٹم پیڈ گاڑیوں اور منشیات کیخلاف مشترکہ آپریشن جاری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | موجودہ حکومت سلیکٹڈ ہے، سینیٹر جان محمد بلیدی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | بلوچستان میں ہمارا دل، تعمیر و ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے، چیئرمین این ایچ اے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | رائٹ ٹو انفارمیشن قانون شہریوں کیلئے حکومتی احتساب کا اہم ذریعہ ہے، بلوچستان انفارمیشن کمیشن | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | خواتین کا ملک کی ترقی وخوشحالی میں ہمیشہ سے اہم کردار رہا ہے، کرنل بابر خلیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | سرسبز چمن کیلئے ون ملین درختوں کا ہدف مقرر کیا ہے، ڈی سی چمن | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | عوام 8 فروری کو یوم سیاہ منائیں حکومت نے آئین اور پارلیمان کو بے وقعت کر دیا، محمود اچکزئی | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن و امان:

آواران میں چوروں نے تین گوداموں کا صفایا کر دیا، بھاگ میں ڈاکوؤں نے دو موٹر سائیکلیں چھین لیں، حب میں کونسلر کا موٹر سائیکل چوری، کوئٹہ پولیس کی کارروائی 6 ملزمان گرفتار، مسروقہ سامان برآمد، خضدار کی تحصیل بال میں جان لیوا مرض سے چار بچے جاں بحق، کوئٹہ پولیس کی کارروائی عدالت روڈ سے چوری شدہ گاڑی برآمد،

## عوامی مسائل:

بلال حیدر اور اسماعیل کو بازیاب کرایا جائے، اہل خانہ، سریاب روڈ پر سالوں سے جاری تعمیراتی کام عوام کیلئے عذاب بن گئے، کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں سردی کی شدت میں اضافہ، کوئٹہ جان بچانے والی ادویات مزید مہنگی ہوگئیں، چاغی بازار کی اکثر گلیاں سیلاب کا منظر پیش کرنے لگیں،

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 23.01.2025

**اداریہ :**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**گوادر پاکستان کی ترقی کیلئے سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے غزہ میں جنگ بندی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان غزہ کی تعمیر نو کے مرحلے میں اپنا ہر ممکن کردار ادا کرے گا، گوادر پاکستان کی ترقی کیلئے سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے پاکستان کے سب سے بڑے ایئر پورٹ کا افتتاح خوش آئند ہے، اخلاص، محنت اور ٹیم ورک سے پاکستان کی معیشت کو مستحکم بنائیں گے۔ سی پیک کوریڈور کا اہم منصوبہ اور پاک چین دوستی کی اعلیٰ مثال نیو گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ جس کا 14 اکتوبر 2024 کو چینی وزیر اعظم لی چیانگ کے دورہ پاکستان کے دوران وزیر اعظم شہباز شریف اور ان کے چینی ہم منصب نے علامتی افتتاح کیا تھا گزشتہ روز مکمل طور پر فعال ہو گا ہے، پی آئی اے کی پہلی پرواز پی کے 503 کراچی سے 46 مسافروں کو لے کر کمرشل پرواز کی حیثیت سے لینڈ ہوئی جسے واٹر سلیوٹ کیا گیا، وزیر اعظم شہباز شریف نے گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ سے پروازوں کا سلسلہ شروع ہونے پر اظہار اطمینان کیا ہے ان کا کہنا تھا کہ یہ مواصلاتی روابط کے فروغ کی طرف ایک اہم قدم ہے جس سے خطے اور پاکستان کی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر ہو گا۔ گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ فعالیت پاکستان کی ہوا بازی کی تاریخ میں اہم سنگ میل، علاقائی رابطوں کے نئے دور کا آغاز اور لامحدود مواقع کا ایک دروازہ ہے جس سے تجارت اور سیاحت کی نئی راہیں کھلیں گی۔

**اداریے :**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**ضلع حب میں پیپلز پارٹی کی انٹری، اہم منصوبوں کے اعلانات، جام اور بھوتانی فیملی کے لئے مستقبل میں سیاسی چیلنجز** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے " Fighting Thalassemia in Balochistan " کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ جنگ، مشرق، آزادی، باخبر، قدرت، زمانہ، بلوچستان نیوز، میزان اور بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "**بلوچستان کی ترقی کیلئے عالمی اقتصادی فورم میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی شرکت، ایک اہم قدم** " کے عنوان سے شیخ عبدالرزاق کا مضمون تحریر کیا۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 23 JAN 2025 Page No. 1


شہباز شریف

# زرعی شعبے کی تربیت کیلئے چین جانے میں بلوچستان کا 10 فیصد کوٹہ ہے

## زرعی شعبے کی جدید تربیت کیلئے چین جانے والے طلبا و طالبات میں 10 فیصد خصوصی کوٹہ بلوچستان کے طلبا کیلئے مختص کیا گیا

**جب تک کشمیریوں کو حق خودارادیت نہیں ملتا پاکستان وفا نبھائے گا، سپہ سالار جنرل عاصم منیر کی کشمیر کاز سے وابستگی غیر متزلزل ہے، وزیراعظم**

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستانی طلبا کی چین میں جدید زرعی تربیت کا خرچ حکومت اٹھائے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت چین میں جدید زراعت کی تربیت کے حصول کیلئے جانے والے پاکستانی طلبا و طالبات کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا۔ دوران اجلاس وزیراعظم نے

زرعی شعبے کی بقیہ نمبر 59 صفحہ 5 پر

تربیت کے لئے بھیجے جانے والے طلبا کے انتخاب میں شفافیت اور میرٹ کو اولین ترجیح دینے کی ہدایت کی، پورٹل سے درخواستوں کی سکروٹنی کے دوران سلیکشن سے متعلق شکایات کے ازالے کیلئے کمیٹی بنانے کی بھی حکم دے دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ چین پاکستان کا دیرینہ دوست ہے، جس کی زرعی شعبے میں ترقی بے مثال ہے، دورہ چین کے دوران چینی قیادت سے زرعی شعبے میں پاکستانی طلبا کی جدید تربیت کی درخواست کی تھی، پاکستانی طلبہ کی چین میں جدید زرعی تربیت کا پورا خرچ حکومت پاکستان اٹھائے گی۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ زرعی شعبے کی جدید تربیت کیلئے چین جانے والے طلبا و طالبات میں 10 فیصد خصوصی کوٹہ بلوچستان کے طلبا کیلئے مختص کیا گیا، چینی قیادت اور چینی یونیورسٹیوں کے شکر گزار ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ اسٹیٹ بینک کے ریویو میں شرح سود مزید کم ہونے کی توقع ہے، معاشی چیلنجز کم ہو رہے ہیں، معیشت میں بہتری آ رہی ہے، ایکسپورٹس اور ترسیلات زر میں اضافہ اور قرضہ کم ہو رہا ہے۔ آزاد کشمیر میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ بھارتی فوج مقبوضہ کشمیر میں ظلم کے پہاڑ توڑ رہی ہے، جب تک کشمیریوں کو حق خودارادیت نہیں ملتا پاکستان وفا نبھائے گا، سپہ سالار جنرل عاصم منیر کی کشمیر کاز سے وابستگی غیر متزلزل ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آزاد کشمیر میں دانش اسکول کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 23 JAN 2025 Page No. 2

## بلوچستان کو دیگر صوبوں کے برابر لانے کیلئے پیکیج کا اعلان جلد کیا جائیگا، صدر زرداری

### بلوچستان کی پسماندگی کا موجود حکومت کو احساس ہے اور تمام مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں، میر شفیق مینگل سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری سے جھالاوان عوامی پینل کے سربراہ میر شفیق الرحمن مینگل نے ایوان صدر میں ملاقات کی، ملاقات میں صوبہ بلوچستان کی پسماندگی اور مخدوش حالات پر تفصیلی بات چیت ہوئی اس موقع پر صدر پاکستان آصف علی زرداری نے بلوچستان میں صحت تعلیم پسماندگی اور جاری ترقیاتی کاموں کے حوالے سے کہا کہ بلوچستان کے تمام مسائل کے حل کے لئے کوشاں ہیں جاری ترقیاتی منصوبوں کو بروقت اور معیاری بنایا جائے گا صدر آصف علی زرداری نے میر شفیق الرحمن مینگل کے کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی پسماندگی کا موجود حکومت کو احساس ہے اور جلد بلوچستان کو باقی صوبوں کے برابر لانے کے لئے پیکج کا اعلان کیا جائے گا بلوچستان کی عوام کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پسماندہ صوبوں کو پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ترجیحات میں شامل کیا ہے اور بلوچستان ہمارا دل ہے اور اس کی خوبصورتی کے لئے کوشاں ہیں صدر مملکت آصف علی زرداری میر شفیق الرحمن مینگل کو ایوان صدر آمد پر اعزازی سوئیٹر کا تحفہ بھی دیا۔

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب

رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل I-3

حب بلوچستان

قیمت 40 روپے

صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 | بروز بدھ، 22 جنوری 2025ء بمطابق 21 رجب المرجب 1446ھ | شمارہ نمبر 22


## بلوچستان کے ہونہار طلباء کیلئے اسکالرشپ کا ایک اور انقلابی پروگرام

### اسکالرشپ پروگرام وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے وژن کی عکاسی کرتا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کا بلوچستان کے ہونہار طلباء کے لیے اسکالرشپ کا ایک اور انقلابی پروگرام/شہید بینظیر بھٹو گریجویٹ اسکالرشپ برائے آکسفورڈ یونیورسٹی۔ حکومت بلوچستان نے BEEF کے توسط سے آکسفورڈ پاکستان پروگرام (OPP) کے ذریعے

بقیہ نمبر 72 صفحہ 7 پر

بلوچستان کے طلبا کو عالمی معیار تعلیم کے مواقع فراہم کر کے اس صوبہ کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے ایک احسن اقدام اٹھایا ہے۔ یہ اسکالرشپ پروگرام وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن کی عکاسی کرتا ہے جو کہ بلوچستان کے طلباء کو یونیورسٹی آف آکسفورڈ جیسے عالمی معیار کے ادارے میں مکمل مالی معاونت کے ساتھ GraduateFundedFully تعلیم حاصل کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ مزید معلومات اور اہلیت کے معیار کے لیے www.oxpakprogramme opp/org.pk www.beef./org پر وزٹ کریں یا info@oxpakprogramme.org پر رابطہ کریں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Balochistan Times
92 MEDIA GROUP
Founded by Syed Faseih Iqbal in 1976
balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk
Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 987 QUETTA Thursday January 23, 2025 /Rajabul Murajjab 22, 1446

*A step towards development*

# CM Balochistan to represent province at World Economic Forum

Sheikh Abdul Razzaq

**QUETTA:** Balochistan, renowned for its natural resources, strategic location, and rich cultural heritage, is stepping onto the global stage to highlight its developmental priorities and economic potential. Chief Minister of Balochistan, Mir Sarfraz Bugti, is set to represent the province at the 53rd World Economic Forum in Davos, Switzerland—a significant milestone not just for Balochistan but for Pakistan as a whole. On January 23, Chief Minister Mir Sarfraz Bugti will attend the "Pakistan Pavilion, Balochistan Breakfast" as the guest of honor. The event, hosted by the Pathfinder Group, will be attended by representatives from over 120 countries. Key speakers include Zarrar Sehgal, Chairman of the Pathfinder Group; Adam Weinstein, Research Fellow at the Quincy Institute; Dr. Huma Baqai; and former Prime Minister of Pakistan, Senator Anwaar-ul-Haq Kakar. Together, they will discuss Balochistan's development, investment opportunities, and the region's promising future. In his address, CM Bugti will shed light on ongoing development projects in Balochistan, the progress made under the China-Pakistan Economic Corridor (CPEC), and the opportunities available for international investors. His speech will send a clear message to global economic leaders: Balochistan is on the path to progress and offers significant opportunities for investment. Balochistan's developmental strategy includes transformative projects such as the Gwadar Port, the development of mineral resources, and investment in the energy sector.

These initiatives hold immense importance not only for the region but also for the global economy. Infrastructure development under CPEC and efforts to make Gwadar a trade hub have positioned Balochistan as an attractive destination for international investors. The World Economic Forum offers a crucial platform to highlight Balochistan's developmental priorities and attract global investment. CM Bugti's participation will reinforce the message that Balochistan is a region advancing toward growth, peace, and prosperity. Promoting international partnerships is vital for Balochistan's progress. The province's developmental plans aim to improve living standards, create economic opportunities, and foster long-term growth. The Davos 2025 forum marks a historic opportunity to advance these objectives and showcase Balochistan as a region ready to collaborate with the world. This event will serve as a milestone in informing global investors about the untapped opportunities in Balochistan and elevating the region's development strategy to a new level. CM Bugti's efforts are a testament to the government's commitment to improving the lives of the people of Balochistan and taking the province to new heights of progress. The Chief Minister's participation in Davos 2025 will send a resounding message that Balochistan is prepared to engage with the world and is firmly on the path to development. This forum has the potential to not only spotlight Balochistan's priorities but also to pave the way for a brighter future for the entire region, putting it firmly on the global map as a hub of growth and opportunity.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 1

Dated 23 JAN 2025 Page No 5


## نوجوانوں کو بہترین مواقع فراہم اور ان کا ٹیلنٹ سامنے لائینگے، مینا مجید

[illegible]

## مسائل کے حل کیلئے حقیقی اقدامات کر رہے ہیں، صادق عمرانی

[illegible]

INTEKHAB QUETTA

## وندر کو ضلع لسبیلہ میں شامل کرنے کی جلد خوشخبری سنائیں گے، زرین خان مگسی

[illegible]

MASHRIQ QUETTA

## ہسپتالوں میں مشینری اور ادویات کی فراہمی کیلئے منصوبہ بندی کر لی، بخت محمد کاکڑ

محکمہ صحت میں بہتری لانے کیلئے کوشاں ہیں، ڈاکٹر ہڑتال ختم ہو گئی، عوام کا بہتر علاج معالجہ کریں۔ صوبائی وزیر صحت

عوام کو ان کی دہلیز پر صحت کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں تمام تر اقدامات کر رہے ہیں

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ محکمہ صحت میں بہتری لانے کیلئے کوشاں ہیں ہڑتال ختم کرنے کے بعد ڈاکٹروں کا اخلاقی طور پر فرض بنتا ہے کہ وہ سرکاری ہسپتالوں میں آ کر عوام کا علاج و معالجہ اور دیگر سہولیات فراہم کرنے کیلئے اقدامات کریں سرکاری ہسپتالوں کی مشینری اور ادویات کو فراہم کرنے کیلئے بھی منصوبہ بندی کر لی ہے جس سے غریب مریضوں کو براہ راست فائدہ ہوگا یہ بات انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت کی بہتری اور عوام کو ان کی دہلیز پر سہولیات فراہم کرنے کیلئے حکومت بلوچستان وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں تمام تر اقدامات کر رہی ہے اس سلسلے میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی کوتاہی اور غفلت برتنے والوں کے خلاف [illegible] کارروائی کی جائے گی انہوں نے [illegible] رہے برقرار [illegible] کوئی [illegible] مطالبات کی صورت تسلیم نہیں کریں

پاکستان فلاحی ریاست نہیں بن سکا

# ملک میں دہشتگردی مسلط کرنے کا مقصد وسائل لوٹنا ہے، اصغر اچکزئی

ملک کو درپیش مشکلات کی نشاندہی ہمارے اکابرین بہت پہلے کر چکے تھے، باچاخان اور ولی خان کی برسی کے موقع پر یادریفرنس سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ آج ملک جن مشکلات سے دوچار ہے ان کی نشاندہی ہمارے اکابرین برسوں پہلے کر چکے تھے بدقسمتی سے اس ملک میں عوام کی اکثریت پر ایک قلیل اقلیت کو مسلط کیا گیا جس کی وجہ سے ملک فلاحی ریاست نہ بن سکا اور ایک سیکورٹی سٹیٹ کی شکل اختیار کر گیا جنگی معیشت کے باعث ملک میں حقیقی ترقی کا خواب چکنا چور ہوگیا۔ پشتون وطن میں خودساختہ بدامنی دہشت گردی مسلط کر کے یہاں کے وسائل کو بیدردی سے لوٹا جارہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں باچاخان کی 37 ویں اور خان عبدالولی خان کی 19 ویں برسی کے موقع پر ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام یادریفرنس سے خطاب کے دوران کیا یادریفرنسز باچاخان مرکز پشین ضلع قلعہ عبداللہ کے زیر اہتمام سیدلاجور ضلع ژوب کے زیر اہتمام شیخ محمد یار خان ہاؤس میں منعقدہ تقاریب سے عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری جنرل عبیداللہ عابد مرکزی رہنما حاجی صاحب جان کاکڑ مرکزی سیکرٹری رشید خان ناصر ثناءاللہ کاکڑ جمعہ خان بابر ملک حنیف اچکزئی محمد یار پانیزئی جمال الدین رشتیا عبدالباری کاکڑ نقیب افغان ولی داد میانی خان زمان کاکڑ حمزہ کاکڑ شان عالم ماسٹر حکیمی طاہر شاہ کاکڑ و دیگر نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ برصغیر پاک و ہند کے آزادی کے عظیم سپہ سالار فخر افغان رئیس الاحرار خان عبدالغفار خان المعروف باچاخان کی 37 ویں اور رہبر ملی خان عبدالولی خان کی 19 ویں برسی آج ایسے حالات میں منانے جارہے ہیں جب پشتون خوا وطن انتہائی نازک صورتحال سے دوچار ہے ان اکابرین اور ہزاروں خدائی خدمت گاروں کی قربانیوں اور جدوجہد کی بدولت انگریز سامراج کو یہاں سے جانا پڑا فخر افغان باچاخان نے پشتونوں میں علم و ہنر کی پرچار کو مقصد بنا کر انہیں شعور دیا ان کی اس جہد سے خائف ہو کر انگریز سامراج نے انہیں پابند سلاسل رکھا وہ زندگی کے قیمتی ایام جیل کی نذر کر گئے گرچہ انگریز سامراج کو یہاں سے جاتے ہوئے 78 سال گزر گئے بدبختانہ یہاں کے اقوام آج بھی حقیقی آزادی کے ثمرات سے کوسوں دور ہے محکوم اقوام اپنے وسائل پر دسترس سے محروم ان کی زبان کلچر اقدار جغرافیہ منقسم ہے انہوں نے کہا کہ آج جب ہم ان اکابرین کی یاد منانے جارہے ہیں تو ملک اندرونی طور پر سیاسی اور معاشی عدم استحکام کا شکار ہے ساتھ ہی خطہ بھی انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہیں پشتون افغان من حیث القوم ناساعد حالات سے دوچار ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ ان اکابرین کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ملک کو حقیقی ترقی خوشحالی کی جانب گامزن کیا جائے انہوں نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی فکر باچاخان کی نسل کے حیثیت سے امن کے قیام حقیقی جمہوریت کی بحالی عدل وانصاف کی فراہمی کے لئے پرامن جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی۔

# عوام کو روزگار کی فراہمی کیلئے بارڈر کو کھولا جائے، مولانا حیدری

بلوچ یکجہتی کمیٹی کے کراچی میں جلسے پر تشدد قابل مذمت، خواتین کو بلاوجہ گرفتار کیا گیا

اوتھل (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل اور رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ پورا ملک فارم 47 پر چل رہا ہے، بارڈرز کو کھولا جائے تاکہ غریبوں کو روزگار کے ذرائع میسر ہوں لوگ آسانی سے روزگار کر سکے، بلوچ یکجہتی کمیٹی کی قیادت زیادہ تر خواتین پر مشتمل ہے، ان کے جلسے ہوئے پرامن رہے کوئٹہ سے اسلام آباد گئے لیکن احتجاج پرامن رہا انہوں نے آئین کے دائرے میں رہ کر اپنے مظاہرے کئے پچھلے دنوں کراچی میں بلوچ یکجہتی کمیٹی نے جو جلسہ کیا ہے جس میں پولیس نے بلاوجہ خواتین کو گرفتار کیا اور ان پر تشدد کیا، جو قابل مذمت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریس کانفرنس میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچ یکجہتی کمیٹی کی قیادت زیادہ تر خواتین پر مشتمل ہے ان کے جلسے پرامن رہے ہیں۔ پچھلے دنوں کراچی میں بلوچ یکجہتی کمیٹی کے جلسے سے پولیس نے بلاوجہ خواتین کو گرفتار اور ان پر تشدد کیا جو جمہوریت کے منافی ہے۔ ہم اس کی مذمت کرتے ہیں۔ یہ سب بلوچستان حکومت کی ایماء پر ہو رہا ہے انہوں نے کہا ہے کہ اپنے حقوق کے لیے احتجاج کرنا ہر سیاسی پارٹی کا حق ہے۔ 2024 کے الیکشن میں بھی سردار اختر مینگل کی پارٹی کے سامنے تھے لیکن ہر ایک کا اپنا نظریہ ہے اور انہوں نے کہا ہے کہ بلوچستان تمام قدرتی ذخائر سے مالا مال ہونے کے باوجود بلوچستان کو ان کے وسائل سے کچھ بھی نہیں مل رہا۔ ہمارے نوجوان روزگار کے لیے دردر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں لیکن حکومت کے پاس کوئی منصوبہ نہیں ہے جو انہیں روزگار فراہم کرے۔ حکومت کی ناکامی کے سبب بلوچستان کے حالات خراب ہیں بارڈر کو کھولا جائے تاکہ غریب لوگ آسانی سے روزگار حاصل کر سکیں۔



# بلوچستان معدنی وسائل سے مالا مال، عوام بنیادی حقوق سے محروم ہیں، ملی یکجہتی کونسل

اسلامی نظام، عدل وانصاف کے قیام، مسالک کی بنیاد پر فرقہ وارانہ تشدد کے خلاف 17 نکات پر اتفاق کیا گیا ہے، لیاقت بلوچ

لاپتہ افراد کے مسئلے کے حل کو یقینی، اور صوبے کے وسائل اور سی پیک کے ثمرات سے عوام کو مستفید کیا جائے، سیکرٹری جنرل

مولانا ہدایت الرحمن کو ملی یکجہتی کونسل بلوچستان کا صدر، مولانا مومن علی شاہ گیلانی کو جنرل سیکرٹری برقرار رکھنے کا فیصلہ، پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ملی یکجہتی کونسل پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ ہماری کونسل کی جانب سے ملک میں اسلامی نظام اور انصاف کی......

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

فراہمی سمیت مسالک کی بنیاد فرقہ وارانہ تشدد کے خلاف 17 نکات پر اتفاق کیا ہے جس کا مقصد ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے ملک کو سودی نظام سے چھٹکارا دلائے اور بلوچستان کے لوگوں کو بنیادی حقوق کی فراہمی کے ساتھ ساتھ لاپتہ افراد کے مسئلے کے حل کو یقینی بناتے ہوئے صوبے کے وسائل اور سی پیک کے ثمرات سے عوام کو سہولت دی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز صوبائی کونسل کے منعقدہ اجلاس کے بعد ہونے والے فیصلوں کے بارے میں میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کیا اس موقع پر مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری سید عقیل انجم قادری، علامہ شبیر حسین میثمی، قاری محمد یعقوب شیخ، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، ملی یکجہتی کونسل کے مرکزی وصوبائی قائدین بھی موجود تھے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 23 JAN 2025 Page No. 11


## بلوچستان میں جبری گمشدگیاں اہم انسانی مسئلہ، اسلم رئیسانی نے ٹرمپ سے امیدیں باندھ لیں

امریکی صدر بلوچ سیاسی کارکنوں کی جبری گمشدگیوں کے انتہائی اہم انسانی مسئلے سمیت بلوچ عوام کی حالت زار پر توجہ دے کر انصاف اور آزادی کے اقدار کو فروغ دیں

انصاف کیلئے ہر دروازہ کھٹکھٹانے کے باوجود فریادیں بے نتیجہ ہیں، ہمیں یقین ہے کہ امریکہ انسانی حقوق کی طرف [illegible]

کوئٹہ (یو این اے) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف آف ساراوان نواب محمد اسلم رئیسانی نے سماجی رابطے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں نومنتخب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں بلوچ سیاسی کارکنوں کی جبری گمشدگیوں کے انتہائی اہم انسانی مسئلہ سمیت بلوچ عوام کی حالت زار پر توجہ دے کر انصاف اور آزادی کی اقدار کو فروغ دیں انصاف کے لیے ہر دروازہ کھٹکھٹانے کے باوجود ان کی فریادیں بے نتیجہ ہیں ہمیں یقین ہے کہ امریکہ، جمہور

بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر

یت کی روشنی کے طور پر، ان لوگوں کے احتساب کا مطالبہ کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے جو ہماری آبائی سرزمین بلوچستان میں ظلم اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے ذمہ دار ہیں انہوں نے کہا ہے کہ بلوچ قوم اپنے لاپتہ افراد کے ٹھکانے اور رہائی کو یقینی بنانے کے لیے بامعنی اقدامات کی امید کے ساتھ آپ کی طرف دیکھتی ہے جس میں سب کے لیے امن اور وقار کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ آپ عالمی انسانی حقوق کے لیے اپنی وابستگی کے لیے اپنے عہدے کے اثر و رسوخ کو استعمال کریں گے۔

## بی یو جے انتخابات، جرنلسٹ پینل کے قائدین کا اے پی پی کا دورہ

پینل کی ووٹ دینے کی استدعا، اے پی پی کوئٹہ کے بیورو کی مکمل حمایت کی یقین دہانی

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے انتخابی مہم کے سلسلے میں جرنلسٹ پینل کے قائدین نے ایسوسیئیڈ پریس آف پاکستان (اے پی پی) کوئٹہ بیورو کا دورہ کیا۔ پینل کی قیادت میں کوئٹہ پریس کلب کے صدر عبدالخالق رند، سابق صدر پی ایف یو جے شہزادہ ذوالفقار، بی یو جے کے سابق صدر ایوب ترین، بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے امیدوار برائے صدر خلیل احمد

بقیہ نمبر 23 صفحہ 5 پر

، جنرل سیکرٹری کے امیدوار عبدالغنی کاکڑ و دیگر کر رہے تھے۔ جرنلسٹ پینل کی قیادت نے اے پی پی کے ساتھیوں سے 29 جنوری کو بھرپور انداز میں ووٹ دینے کی استدعا کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے ساتھی اس بار کارکردگی کی بنیاد پر ووٹ دیں جس پینل کی کارکردگی سب کے سامنے ہوں انہیں کامیاب کرائیں۔ جرنلسٹ پینل کے امیدواران صرف کارکردگی پر یقین رکھتی ہے اور اس بار پینل کی جانب سے جن ساتھیوں کو انتخابات میں نامزد کیا گیا ہے ان کی کارکردگی سے تمام ساتھی واقف ہیں، انہوں نے کہا کہ جرنلسٹ پینل کے ساتھیوں اپنے پچھلے مدت میں جو تاریخی اقدامات کئے وہ کارکردگی کی زندہ مثال ہے، بی یو جے کے ساتھیوں کیلئے جرنلسٹس ویلفیئر فنڈ سے علاج کی مد میں لاکھوں روپے کی امداد منظور کر کے فراہم کر دی گئی، جرنلسٹس ہاؤسنگ اسکیم بھی تکمیل کے مراحل میں ہے اور تسلسل کے ساتھ ساتھیوں نے منصوبے کی خبر بھی رکھا ہے۔ کوشش ہے کہ آئندہ مدت میں یہ خوشخبری ساتھیوں کو سنایا جائے۔ اس موقع پر اے پی پی کوئٹہ کے بیورو نذر محمد بلوچ نے یقین دہانی کرائی کہ اے پی پی کے ساتھی جرنلسٹ پینل کے حق میں ووٹ کریں گے۔

CamScanner

## کوئٹہ، پولیس کی کارروائی، 6 ملزمان گرفتار، مسروقہ سامان برآمد

**[illegible] سے نقدی اور زیورات، نعمت اللہ، موسیٰ، خلیل اور ہیواد نے گودام سے چوری کی تھی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایئر پورٹ پولیس کی کارروائی، گھر میں چوری میں ملوث مستری سمیت چھ ملزمان کو گرفتار کر کے زیورات، ایک لاکھ کی نقدی، بجلی کے تار اور دیگر سامان برآمد کرلیا، پولیس کے مطابق ایس ایچ او ایئر پورٹ تھانہ عبدالحئی گرانی بلوچ کو اطلاع ملی تھی کہ کلی پائند خان میں واقعہ نجی سوسائٹی میں رہائش پذیر نظر محمد کے گھر سے زیورات اور ایک لاکھ کی نقدی چوری کرنے والا ملزم کلی دیبہ میں موجود ہے جس پر دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ملزم حمید شاہ کو گرفتار کر کے دو سونے کے سیٹ اور ایک لاکھ کی نقدی برآمد کرلی پولیس نے بتایا کہ ملزم نظر محمد کے گھر میں فرنیچر کا کام کر رہا تھا اسی دوران اس نے گھر سے چوری کی۔ جبکہ پولیس ایئر پورٹ پولیس نے شیخ ماندہ میں کارروائی کرتے ہوئے گودام میں چوری کی واردت میں ملوث چار ملزمان نعمت اللہ، موسیٰ خان، خلیل احمد اور ہیواد خان کو گرفتار کر کے گودام سے چرایا گیا سامان برآمد کرلیا جبکہ ایک اور کارروائی میں بجلی کی تاریں چوری کرنے والے ملزم عبدالروف کو گرفتار کر کے بجلی کی تاریں برآمد کرلی۔

## حب میں کونسلر کا موٹر سائیکل چوری

حب (این این آئی) حب میں کونسلر کا موٹر سائیکل عدالت کے باہر سے چوری اس سلسلے میں بتایا جاتا ہے کہ جمیعت علمائے اسلام حب کے میونسپل کارپوریشن حب کے کونسلر گل حسن میروانی بدھ کے روز پیشی کے سلسلے میں حب کی عدالت میں آئے اپنا موٹر سائیکل عدالت کے باہر کھڑا کر کے پیشی کے لیے عدالت گئے جب واپس آئے تو موٹر سائیکل موجود نہ تھی کونسلر گل حسن میروانی کی جانب سے پولیس تھانہ میں دی گئی درخواست میں موقف اختیار کیا ہے کہ انکی طرف سے سی سی ٹی وی فوٹیج میں دیکھا ہے کہ ایک نقاب پوش شخص اسکا موٹر سائیکل لیکر جا رہا ہے۔

## بھاگ میں ڈاکوؤں نے دو موٹر سائیکلیں چھین لیں

بھاگ (نامہ نگار) بھاگ میں ڈکیتیوں کا سلسلہ جاری ہے گزشتہ روز اسکول ٹیچر عبدالحمید شیخ پرائمری سکول بستی بہمان میں ڈیوٹی کے بعد واپس گھر آرہا تھا کہ راستے میں ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر اس سے موٹر سائیکل، موبائل اور نقدی چھین لی اور فرار ہوگئے دریں اثناء بھاگ کے علاقے کیبل کے قریب نامعلوم مسلح ڈاکو عبدالستار سے موٹر سائیکل، موبائل اور نقدی چھین کر آسانی کے ساتھ فرار ہوگئے۔

## آواران میں چوروں نے تین گوداموں کا صفایا کر دیا

آواران (نامہ نگار) آواران بازار میں ٹوگی سی کمپلیکس کے قریب عادل بلوچ نامی شخص کے تین گوداموں کا چوروں نے صفایا کر دیا عوامی وسماجی حلقوں نے رات کو پولیس گشت اور چوکیدار کی موجودگی کے باوجود جرائم کے بڑھتے واقعات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔

## قلات: لاپتہ نوجوان گھر پہنچ گیا

قلات (آن لائن) لاپتہ نوجوان فاروق نیچاری دس روز بعد بازیاب ہوکر بخیریت اپنے گھر پہنچ گیا۔ یاد رہے کہ فاروق احمد نیچاری ولد مرحوم ماسٹر مولا بخش نیچاری 11 جنوری 2025 کو نیچارہ سے قلات آیا اور واپسی پر زاوا جشی کے مقام پر اسرار طور پر لاپتہ ہوگیا تھا۔

## پشین کے نواحی علاقے سے نومولود بچے کی لاش برآمد

پشین (آئی این پی) پشین کے نواحی علاقے سرخاب روڈ کے قریب کچرے کے ڈھیر سے نومولود بچے کی لاش برآمد ہوئی ہے لاش کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

## خضدار کی تحصیل نال میں جان لیوا مرض سے 4 بچے جاں بحق

**گردن اور گلے کے حصے میں دانے نکلنے کے بعد بچوں کی حالت بگڑ جاتی ہے اور موت کی آغوش میں چلے جاتے ہیں**

خضدار (این این آئی) خضدار کی تحصیل نال علاقہ درنیلی میں جان لیوا مرض سے 4 بچے جاں بحق ہوگئے۔ اس مرض میں گردن اور گلے کے حصے میں دانے نکلنے کے بعد بچوں کی حالت بگڑ جاتی ہے اور پھر وہ موت کی آغوش میں چلے جاتے ہیں۔ اب تک 4 بچے جاں بحق ہوگئے ہیں۔ پی پی ایچ آئی کے نمائندے نے تین اموات کی تصدیق اور بتایا کہ طبی امدادی ٹیمیں بھیج دی گئی ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ پولیس کی کارروائی، عدالت روڈ سے چوری شدہ گاڑی برآمد

**فائرنگ کے تبادلے میں ایک ملزم اور راہگیر زخمی ہوگیا، مقدمہ درج کرلیا گیا**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ میں پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے عدالت روڈ سے چوری شدہ گاڑی برآمد کرلی۔ فائرنگ کے تبادلے میں ایک ملزم اور ایک راہگیر زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز شام پانچ بجے دو ملزمان عدالت روڈ سے ایک گاڑی چوری کر کے فرار ہوگئے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس نے ایف آئی آر درج کر کے تحقیقات .......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

شروع کیں۔ سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے پولیس نے ایئرپورٹ روڈ کے قریب پارکنگ میں چوری شدہ گاڑی کا سراغ لگایا۔ اسی دوران ایک ملزم گاڑی لینے پارکنگ پہنچا اور پولیس کو دیکھتے ہی فائرنگ کردی۔ خوش قسمتی سے پولیس اہلکار محفوظ رہے، تاہم جوابی کارروائی میں ملزم زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ گرفتار ملزم کی شناخت محمد سلیم ولد امیر محمد کے نام سے ہوئی، جو پشین کا رہائشی ہے۔ پولیس نے چوری شدہ گاڑی کے ساتھ دو پستول بھی برآمد کرلیے۔ فائرنگ کے دوران ایک راہگیر بھی زخمی ہوا، جس کی شناخت ہارون بیگ کے نام سے ہوئی ہے۔

Century Express Quetta

## گوادر، پولیس اور کسٹم چیک پوسٹ پر مسلح افراد کا حملہ

**اہلکاروں کو یرغمال بنا کر سرکاری اسلحہ اور گاڑیاں لے کر فرار ہوگئے**

**سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر حملہ آوروں کی تلاش شروع کردی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گوادر کوسٹل ہائی وے پولیس اور کسٹم چیک پوسٹ پر مسلح افراد کا حملہ، اہلکاروں کو یرغمال بنا کر سرکاری اسلحہ اور گاڑیاں لے کر فرار ہوگئے تاہم (باقی صفحہ 5 نمبر 40)

کوئی جانی نقصان نہیں ہوا سیکورٹی ذرائع کے مطابق کوسٹل ہائی وے کے تلیٹ زیرو پوائنٹ کے قریب کوسٹل ہائی وے پولیس اور کسٹم چیک پوسٹ پر گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کر دیا، حملہ آوروں نے اہلکاروں کو یرغمال بنا کر ایک گھنٹے تک پوچھ گچھ کی اور ان سے سرکاری اسلحہ اور گاڑیاں چھین کر فرار ہوگئے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 23 JAN 2025

Page No. 13


## بلال حیدر اور اسماعیل بلوچ کو بازیاب کرایا جائے، اہل خانہ

### جبری گمشدگی پر مزید خاموش نہیں رہ سکتے، ایم 8 شاہراہ پر دھرنا دینے کا اعلان

تربت (نامہ نگار) بہمن سے ایک ہفتہ قبل جبری گمشدگی کا شکار ہونے والے بلال حیدر اور اسماعیل بلوچ کی عدم بازیابی پر ان کے اہل خانہ نے خبردار کیا ہے کہ اگر نوجوانوں کو فوری طور پر بازیاب نہ کیا گیا تو علاقہ مکینوں کے ساتھ ڈی بلوچ پوائنٹ پر دھرنا دیا جائے گا اور ایم 8 شاہراہ بلاک کی جائے گی ساتھ ہی پرامن احتجاج کے دیگر طریقے بھی اپنائے جائیں گے۔ اہل خانہ نے الزام عائد کیا کہ ریاستی محافظوں کی جانب سے رات کے وقت گھروں پر حملہ کرکے شریف شہریوں کو لاپتہ کرنا اور انہیں تاریک زندانوں میں رکھنا سنگین جرم ہے جس پر خاموش نہیں رہ سکتے۔

---

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ میں جان بچانے والی ادویات مزید مہنگی ہوگئیں

### سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات ناپید، نجی ہسپتالوں کی چاندی ہوگئی

### ڈاکٹرز نے فیس میں اضافہ کردیا، غریب مریض اور انکے رشتہ دار پریشان

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ میں مسلسل ادویات کی قیمتوں میں اضافہ کا سلسلہ جاری و ساری کوئی روک ٹوک نہیں، کوئی ڈرگ انسپکٹر کسی بھی علاقے میں ادویات کی قیمتوں کی تعین نہیں کرتا نہ ہی کوئی کارروائی کرتی ہے، ضلعی انتظامیہ کی ٹیمیں ......... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

بھی اس حوالے سے ناکارہ ہوچکی ہے، دوسری جانب سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات نہ ہونے کا فائدہ نجی میڈیکل اسٹور مافیاں نے اٹھاتے ہوئے ادویات کی قیمتوں میں تین گنا اضافہ کیا ہے اسی سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے نجی ہسپتالوں کے ڈاکٹروں نے بھی فیس 1500 روپے سے بڑھا کر 2000 ہزار روپے مقرر کی گئی

---

Century Express Quetta

## سریاب روڈ پر سالوں سے جاری تعمیراتی کام عوام کیلئے عذاب بن گئے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں ہونے والی حالیہ بارشوں کے بعد سریاب روڈ ایل آر بی کے قریب گارے اور نالے کا جمع شدہ پانی شہریوں کے لئے پریشانی کا باعث بن گیا ٹریفک کی روانی بھی متاثر، اہل علاقہ کے مطابق ان کے لئے یہ تعمیراتی کام کئی سالوں سے عذاب بنا ہوا ہے، سریاب روڈ، برما ہوٹل کراس سے لیکر موسیٰ کالونی اور بی ٹی سی تک گاہی خان چوک پر سڑک کی تعمیر اب تک مکمل نہ ہوسکی، اہل علاقہ نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ سریاب روڈ پر کئی سالوں سے جاری تعمیراتی کام کو جلد مکمل کرکے درپیش مسائل سے نجات دلائی جائے۔

---

INTEKHAB QUETTA

## کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں سردی کی شدت میں اضافہ

### شہر کے بیشتر علاقوں میں گیس پریشر کی کمی بجلی کی غیر اعلانیہ بندش نے زندگی اجیرن بنادی

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں سردی کی شدت میں اضافہ ہوا ہے وادی کوئٹہ کے چاروں اطراف میں واقع پہاڑوں نے سفید چادر اوڑھ لیے سرد ہوائیں چلنے کی وجہ سے سردی کی شدت میں اضافہ ہوا ہے سردی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ہی کوئٹہ شہر کے بیشتر علاقوں میں گیس پریشر کی کمی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے شدید سردی میں جہاں گرم ملبوسات خشک میوہ جات شنے اور یخنی کے استعمال میں اضافہ ہوا ہے وہاں لانڈھی کے گوشت کی فروخت میں بھی اضافہ ہوا ہے جس کی قیمت بہت زیادہ ہونے کی وجہ سے اکثر لوگ خریدنے سے قاصر ہیں تاہم کوئٹہ کے مختلف ہوٹلوں میں لانڈھی کی گوشت کا انتظام کردیا گیا ہے دوسری جانب سوپ کے دکانوں میں رش دیکھنے میں آیا ہے تاہم سردی کی شدت میں اضافے کے ساتھ سر شام لوگ گھروں کو چلے جاتے ہیں شمالی بلوچستان میں برف باری کے سبب سردی میں بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے۔

---

## چاغی بازار کی اکثر گلیاں سیلاب کا منظر پیش کرنے لگیں

### شاپنگ گلی روڈ کے تعمیر میں تاخیر، چاغی عوام کے تشویش میں اضافہ، چاغی تاجر برادری مصائب سے دوچار، نوٹس لینے کا مطالبہ

چاغی (نامہ نگار) چاغی شاپنگ گلی روڈ سیلاب کا منظر پیش کرنے لگا ہیں چاغی دکاندار سخت پریشان ہیں چاغی شہر میں معمولی بارش کے بعد روڈ کئی جگہوں پر پانی کھڑا ہیں چاغی شاپنگ گلی روڈ کے تعمیر میں تاخیر، چاغی عوام کے تشویش میں اضافہ، چاغی تاجر برادری مصائب سے دوچار، حکام بالا نوٹس لیں اور شاپنگ گلی منصوبے کی تکمیل کے لئے اقدامات کیجائیں تفصیلات کے مطابق چاغی شاپنگ گلی پانچ سال سے تعمیر نہ ہوسکا کروڑوں روپے ضائع ہونیکا خدشہ ہے جس کی وجہ سے چاغی کےتاجر برادری اور عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہیں چاغی بازار شاپنگ گلی روڈ پر پہلے مرحلے میں ٹھیکیدار نے مٹی ڈال کر کام ادھورا چھوڑ دیے ہیں جس کے وجہ عوام ذہنی کوفت میں مبتلا ہیں معمولی بارش کے بعد روڈ پر کئی جگہے پانی کھڑا ہیں تاجر برادری سخت پریشان رہتے ہیں چاغی کےتاجر برادری نے چاغی کیصحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چاغی شاپنگ گلی روڈ کیعدم تعمیر کی وجہ سے علاقے کے لوگ سخت پریشان ہیں اور لوگوں نے اپنے خدشات اور تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس روڈ کے وجہ سے علاقہ مکین سخت مصیبت میں مبتلا ہیں کہ لاکھوں روپے کی خطیر رقم ضائع ہونے کا بھی خدشہ ہیں عوامی حلقوں نے ایم پی اے چاغی حاجی صادق خان سنجرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان، کمشنر رخشان ڈویژن، اور ڈپٹی کمشنر چاغی عطاء المنعیم محمد حسنی سے اپیل کرتے ہے کہ چاغی شاپنگ گلی روڈ کی عدم تعمیر کا نوٹس لیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 23 JAN 2025 Page No. 14


## ضلع حب میں پیپلز پارٹی کی انٹری، اہم منصوبوں کے اعلانات، جام اور بھوتانی فیملی کیلئے مستقبل میں سیاسی چیلنجز!

بلوچستان کا ضلع حب صوبہ کا واحد صنعتی زون ہے جہاں ملٹی نیشنل اور بڑی کمپنیاں دہائیوں سے کام کر رہی ہیں جہاں کراچی سے بڑی تعداد میں لوگ ملازمتیں کر رہے ہیں جبکہ مقامی افراد آٹے میں نمک کے برابر ہیں۔ یہ بہت دیرینہ مطالبہ حب کے لوگوں کا ہے کہ کمپنیوں میں مقامی افراد کو ترجیح دیتے ہوئے انہیں ملازمتیں فراہم کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں جو کہ ایک حقیقی مطالبہ ہے چونکہ جہاں صنعتیں لگتی ہیں اس خطہ میں معاشی تبدیلی سے پہلے مقامی افراد مستفید ہوتے ہیں، لیکنیہ بڑا المیہ ہے کہ یہاں کے مقامی لوگوں کی بڑی تعداد روزگار سے محروم ہے جبکہ یہاں بنیادی سہولیات کا بھی فقدان ہے۔ لسبیلہ میں دو خاندانوں کا سیاسی اثر و نفوذ زیادہ رہا ہے ان کا ووٹ بینک بھی ہے ان میں جام اور بھوتانی فیملی شامل ہیں، وزرات اعلیٰ اور وزارتوں سمیت اہم عہدوں پر دونوں خاندان فائز رہے ہیں مگر لسبیلہ میں ترقیاتی منصوبوں اور بنیادی سہولیات سے لوگ محروم ہیں۔ بلوچستان کے واحد صنعتی زون میں یہ محرومیاں ان کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہیں۔ اب ضلع حب میں ایک بڑی سیاسی تبدیلیاں رونما ہوئی ہے دو خاندانوں جام اور بھوتانی کے بعد پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاسی انٹری علی حسن زہری کی صورت میں ہوئی ہے، صدر مملکت آصف علی زرداری جو پیپلز پارٹی کے کرتا دھرتا ہیں انہوں نے حب کا دورہ کیا، بڑے منصوبوں کے اعلانات کئے، یعنی وہ حب کی ترقی میں ذاتی دلچسپی لے رہے ہیں، یہ ایک خوش آئند عمل ہے مگر سب سے پہلے مقامی افراد کو روزگار کی فراہمی کے دیرینہ مطالبے کو پورا کرنا ضروری ہے۔ گزشتہ دنوں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بھی بلوچستان کے ڈسٹرکٹ حب میں منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری نے مجھے بتایا ہے کہ حب میرا دوسرا گھر ہے اور حب کو ماڈل سٹی ہونا چاہیے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حب آج تک کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے لیکن اب اس شہر کو انشاء اللہ ڈیویلپ سٹی بنائیں گے، حب کو ایک ترقی یافتہ شہر بنا کر دکھائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حب ماسٹر پلان کی اپروول ہو چکی، حب ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے قیام کا اعلان کر رہا ہوں، جام غلام قادر ہسپتال کو انڈس ہسپتال کے سپرد کیا جائے گا اور حب میں محترمہ بینظیر بھٹو کے نام سے نرسنگ کالج کا قیام عمل میں لایا جائیگا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے میر علی حسن زہری کی درخواست پر ڈسٹرکٹ کونسل حب اور میونسپل کارپوریشن حب کے لیے عوامی اسکیمات کو مزید تیز کرنے کے لیے 25,25 کروڑ روپے کا اعلان کیا۔ میر سرفراز بگٹی نے گڈانی ٹو حجکو روڈ کی تعمیر کا بھی اعلان کیا، اس کے علاوہ دیگر منصوبے بھی شامل ہیں۔ بہرحال حب میں پیپلز پارٹی کے دور حکومت میں منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے سے پیپلز پارٹی کی زبردست پذیرائی ہو سکتی ہے، اگر سیاسی پاور کو برقرار رکھنا اور مستقبل میں اپنے ووٹ بینک کو مضبوط کرنا ہے تو پاکستان پیپلز پارٹی کی بلوچستان حکومت کو حب کو ماڈل سٹی کے ساتھ دیگر منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنانا ہوگا جس میں شاہراہوں کی تعمیر، تعلیم، صحت، پانی سمیت کاروبار اور روزگار کے مزید مواقع پیدا کرنے ہونگے جس کا براہ راست فائدہ حب سمیت بلوچستان کے دیگر افراد کو بھی پہنچ سکے۔ امید ہے کہ پیپلز پارٹی اپنے اعلانات کو عملاً پورا کرے گی تاکہ ضلع حب کے دیرینہ مسائل حل ہوسکیں اور لوگوں کو براہ راست ان کا فائدہ مل سکے۔ اگر پاکستان پیپلز پارٹی نے غیر معمولی اقدامات سے حب میں ترقی کے جال بچھا دیئے جو زمین پر دکھائی دیئے تو مستقبل میں جام اور بھوتانی خاندان کو سیاسی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑے گا۔ چونکہ لوگ اپنی ترقی و خوشحالی کو زیادہ فوقیت دیتے ہیں اس سے قبائل کے ووٹ بھی تقسیم ہونے کے امکانات پیدا ہونگے، عوامی فلاح و بہبود کی ترقی کیلئے تین سیاسی قوتوں میں مقابلہ مثبت عمل ہے جو مقامی لوگوں کی زندگیوں میں واضح تبدیلی خوشحالی کی صورت میں لاسکتی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 23 JAN 2025 Page No. 15


## گوادر پاکستان کی ترقی کیلئے سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے غزہ میں جنگ بندی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان غزہ کی تعمیر نو کے مرحلے میں اپنا ہر ممکن کردار ادا کرے گا، گوادر پاکستان کی ترقی کیلئے سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، پاکستان کے سب سے بڑے ایئرپورٹ کا افتتاح خوش آئند ہے، اخلاص، محنت اور ٹیم ورک سے پاکستان کی معیشت کو مستحکم بنائیں گے۔ منگل کو وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ غزہ میں بڑی خونریزی اور تباہی کے بعد 42 دنوں کیلئے جنگ بندی ہوئی ہے، دعا ہے کہ یہ جنگ بندی مستقل ہو، 50 ہزار سے زیادہ فلسطینی مائیں، بہنیں، بزرگ، بچے، نوجوان، انجینئرز اور ڈاکٹرز اس میں شہید ہوئے اور شہروں کے شہر تباہ ہوئے، پاکستان نے اپنے فلسطینی بھائیوں کی آزادی اور غزہ میں جنگ بندی کیلئے بھرپور آواز اٹھائی ہے، ہم نے فلسطینیوں کی امداد اور ریلیف کیلئے اپنا حصہ ڈالا، تعمیر نو کا مرحلہ شروع ہونے پر اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں گے، یہ ہمارا فرض ہے جسے اللہ کی رضا کیلئے پورا کریں گے۔ وزیراعظم نے گوادر ایئرپورٹ کے باضابطہ آپریشنل ہونے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ چین کی 230 ملین ڈالر کی لاگت سے مکمل ہوا، گوادر ایئرپورٹ پاکستان کا سب سے بڑا ایئرپورٹ شمار ہوتا ہے اگر یہ کمرشل بنیادوں پر آپریٹ ہوتا ہے تو بلوچستان اور پاکستان کی معیشت کیلئے بے حد اہم ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ جو لوگ پاکستان دشمنی پر اترے ہوئے اور قتل و غارت کا بازار گرم کئے ہوئے ہیں انہیں یہ بات جان لینی چاہئے کہ اس قتل و غارت سے نہ صرف بلوچستان کے عوام کا نقصان ہو رہا ہے بلکہ یہ پاکستان کے عوام کے ساتھ بھی سراسر دشمنی ہے، چین جیسا دوست جس نے اپنے وسائل سے پاکستان کو یہ تحفہ دیا ہے، کی قدر کرنی چاہئے، کراچی کی بندرگاہ پہلے ہی بہت مصروف ہے اور وہاں آمدورفت کا بہت بوجھ ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ گوادر پاکستان کی ترقی میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے اس کے خلاف محاذ آرائی پاکستان دشمنی ہے۔ وزیراعظم نے عالمی بینک کے طویل المدتی شراکت داری فریم ورک کو خوش آئند قرار دیا جس کے تحت آئندہ دس سالوں میں 20 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی۔ وزیراعظم نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی اور سماجی شعبے کیلئے اس قرضے سے ہماری سماجی شعبے کی معیشت کو تقویت ملے گی، ہمیں اس کا خیر مقدم کرنا چاہئے اور اس کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ٹی کی برآمدات میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے، دسمبر 2024 میں برآمدات سب سے زیادہ (348 ملین ڈالر) رہی ہیں جو خوش آئند ہے۔ وزیراعظم نے آئی ٹی کی وزارت اور متعلقہ حکام کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں آئی ٹی کے شعبے میں مزید آگے بڑھنا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ معاشی اشاریے خوش آئند اور اس بات کی علامت ہیں کہ ہم محنت، اخلاص اور ٹیم ورک سے پاکستان کی معیشت کو مستحکم بنائیں گے۔ انہوں نے توانائی کی وزارت کو الیکٹرانک گاڑیوں کے حوالے سے جامع پروگرام پر بھی شاباش دی۔ وزیراعظم نے کہا کہ رواں سال حجاج کرام کو زیادہ سہولیات فراہم کی جائیں گی اور ان کا بہترین طریقے سے خیال رکھا جائے گا اور رہنمائی کی جائے گی۔ وزیراعظم نے فتنہ الخوارج کے خاتمہ کیلئے قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان قربانیوں کی جتنی بھی تعظیم کی جائے کم ہے، قوم ان قربانیوں کا قرض نہیں چکا سکتی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6 Dated: 23 JAN 2025 Page No. 16

# Fighting Thalassemia in Balochistan

In recent years, the number of Thalassemia cases in Balochistan has seen a significant rise. Current data indicates that approximately 100,000 children across Pakistan are suffering from this inherited blood disorder, with an additional 5,000 children being diagnosed annually. Health experts have long emphasized the need for proper legislation to curb the spread of Thalassemia. Unfortunately, Pakistan remains one of the countries with the highest burden of this disease globally. The most widely cited estimate suggests that 100,000 Thalassemia patients in the country rely on regular blood transfusions. In the absence of a comprehensive national policy and strategic action plan, the number of Thalassemia patients continues to increase, though the exact scope of the problem remains unclear. As a result, despite being a preventable disease, Thalassemia continues to cause significant hardship for patients and their families in Pakistan. Every year, around 2.7 million blood donations are made in Pakistan, with roughly one-quarter of these donations going to Thalassemia patients. In Balochistan, Thalassemia is particularly troubling. People from various regions of the province—including Mastung, Pishin, Kalat, Kharan, and Nushki—frequently visit the Thalassemia Care City Centre for treatment. Over 2,000 Thalassemia major cases are currently registered in Quetta alone. The city's Civil Hospital and Bolan Medical Complex are the only two centers providing treatment for Thalassemia, yet more than 60 children require blood transfusions daily at these two facilities. There is a growing need for additional centers to ease the burden and ensure that patients have better access to care. As a nation, we must come together to help those affected by Thalassemia. Donating blood is a crucial step in saving the lives of these children, and raising awareness about the importance of blood donations is vital. Furthermore, it is equally important for couples to undergo genetic testing before marriage to reduce the prevalence of Thalassemia in future generations. Our collective efforts can make a significant difference in curbing this disease and ultimately working towards a Thalassemia-free Pakistan. In this context, it is essential that both the people of Balochistan and the federal government come forward to support the organizations working to improve the lives of Thalassemia patients. This support can be in the form of financial contributions or blood donations to sustain and improve the quality of life for affected children. It is imperative that Balochistan, in collaboration with the federal government, acknowledges the suffering of these children and takes meaningful actions to assist and support them in their ongoing battle against Thalassemia.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Tribune Express Karachi

Bullet No. 7 Dated: 22 JAN 2025 Page No. 17

# 3,374 killed in 15 years in Balochistan

OUR CORRESPONDENT
QUETTA

Over 3,374 people have lost their lives in terrorist attacks in the past 15 years in Balochistan.

The Balochistan government has provided financial assistance exceeding Rs6.88 billion to the victims of these incidents. Over the last year and a half alone, more than Rs1 billion has been disbursed as compensation.

In 2010, the Balochistan government had decided to compensate the victims and cover property losses caused by terrorism. According to documents from the provincial Home Department, from the fiscal year 2010-11 to date, Rs6.88 billion has been paid as compensation to the families of deceased individuals, injured persons, and those who have suffered property losses.

Out of this amount, Rs5.32 billion was paid to the legal heirs of 3,374 deceased individuals, including government employees. Additionally, Rs1.05 billion was distributed among 3,952 injured.

For over 700 damaged properties, compensation of Rs507.2 million was provided.

The government faced its highest financial burden in the fiscal year 2016-17, disbursing Rs1.18 billion, while Rs1.03 billion was paid between June, 2023 and December, 2024.

On August 8, 2016, a large number of lawyers had been killed in a deadly attack and their heirs paid Rs10 million each.

## 15-day training launched in Nokundi

QUETTA. A 15-day professional training program in collaboration with Reko Diq Mining Company (RDMC) has begun at the Progressive Education Network (PAN) office in Nokundi. According to press statement, the training was conducted by experienced master trainers from Provincial Institute of Teacher Education (PITE) Quetta, the training program aims to develop the professional skills and teaching methods of teachers on modern lines. The inaugural session focused on Early Childhood Education (ECE) and Early Childhood Teaching Strategies, in which the participants were exposed to basic sciences and practical techniques. The training sessions will focus on various topics to provide a comprehensive learning experience. APP

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 23 JAN 2025 Page No.



صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو سے میر مقبول لہڑی و دیگر ملاقات کر رہے ہیں



ڈیرہ مراد جمالی: سردار کوہ یار ڈومکی میر طارق ڈومکی کے لواحقین سے تعزیت کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



کوئٹہ: آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری، صوبائی وزراء میر ظہور بلیدی، میر صادق عمرانی کے ہمراہ یادگار شہداء حاضری پر دعا کر رہے ہیں



صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران پی ٹی آئی رہنما شیر افضل مروت سے گفتگو کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: JANG QUETTA

Bullet No.......... Dated: 23 JAN 2025 Page No..........



کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان سے چیئرمین این ایچ اے شہریار سلطان ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ........

Dated: 23 JAN 2025

Page No. ........



کوئٹہ آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری کا پاسنگ آوٹ پریڈ کی تقریب کے بعد افسران وجوانوں کے ہمراہ گروپ